پروفیسر سید شمس الدین دین و دانش۔

حفاظت حدیث اور اصول حدیث

فن جرح و تعدیل:۔

اعدائے اسلام نے تخریب دین کے لئے غلط روایات کی اشاعت کا کام جب شروع کیا تو علمائے اسلام نے اس کا توڑ کرنے کے لئے شرعی اصول کے تحت جرح و تعدیل کا فن ایجاد کیا جس نے کھرے کھوٹے میں امتیاز کی راہ سجھائی۔

دور صحابہ میں کذب و افتراء عام نہ تھا اس لئے اس فن کی طرف چند ایک صحابہ کے سوا کسی کو توجہ کی ضرورت نہ تھی۔ عہد صحابہ کے اصحاب جرح و تعدیل، عبداللہ بن عباسؓ، عبادہ بن مالکؓ اور انس بن مالک (رضی اللہ عنہم) تھے۔

دور تابعین میں اصحاب جرح و تعدیل یہ تھے۔عامر الشعبی، محمد بن سیرین، سعید بن المسیب، اعمش، شعبہ، مالک بن انس، معمر، ھشام الاستوائی، اوزاعی، سفیان ثوری، ابن الماجشون، حماد بن سلمہ، اورلیث بن سعد۔رحمھم اللہ تعالیٰ!

تبع تابعین کے دور کے اصحاب جرح و تعدیل یہ تھے۔ یزید بن ہارون، ابوداؤد الطیالی، عبدالرزاق بن الھمام، ابوعاصم النبلیل، یحیٰ بن معین، احمد بن حنبل، علی بن المدینی، ابن ابی شیبہ، اسحق بن راھویہ، امام دارمی، امام بخاری، ابوزرعہ رازی، ابوحاتم، امام مسلم، اور امام ابوداؤد۔رحمھم اللہ تعالیٰ!

فن جرح و تعدیل کی مشہور کتب یہ ہیں۔

کتاب الثقات لابی حاتم بن حبان السبتی۔ کتاب الثقات لزین الدین قاسم بن قطلوبغا (۸۷۹)ھ
کتاب الثقات لخلیل بن شاھین۔ کتاب الضعفاء للبخاری۔
کتاب الضعفاء والمتروکین للنسائی۔ کتاب الضعفاء لابی حاتم السبتی
کتاب الضعفاء للدارقطنی۔ کتاب الضعفاء للعقیلی
کتاب الضعفاء لابی نعیم الجرجانی (۳۲۳ھ)۔ کتاب الضعفاء لابی الفرج الجوزی (۵۹۷ھ)
کتاب الکامل لابن عدی الجرجانی (۳۶۵ھ)۔ میزان الاعتدال للذھبی (۷۴۸ ھ)
لسان المیزان للعسقلانی (۸۵۲ ھ)

امام بخاری کی تین تاریخیں:

کتاب الجرح والتعدیل لابن حبان۔ کتاب الجرح والتعدیل لابی حاتم الرازی (۳۲۷ھ)
کتاب الجرح والتعدیل لحافظ جوزجانی۔ کتاب التکمیل للحافظ ابن کثیر
طبقات ابن سعد (۲۳۵ھ)

علم معرفۃ الصحابہ:

حفاظت حدیث کے سلسلے میں یہ فن ایجاد کیا گیا تاکہ کسی روایت کے سند کے اتصال یا ارسال کا فیصلہ کیا جا سکے۔ اس میں جو کتب ہیں وہ یہ ہیں۔

معرفۃ الصحابہ لحافظ ابن حبان۔ معرفۃ الصحابۃ لابی نعیم الاصبہانی

معرفۃ الصحابہ لابی احمد العسکری۔ الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب لعلی بن المدینی

الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب لابن ہندہ۔ الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب لحافظ ابن عبد البر۔

اسد الغابہ، لابن الاثیر۔ تلخیص اسد الغابہ لحافظ ذھبی

الاصابہ فی تمییز الصحابہ

علم تاریخ رواۃ:

علم ایسا علم ہے جس پر جرح و تعدیل کی بنیاد ہے۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ:۔

۱۔ ثقات (ثقاتِ حدیث) کو اختلاط (کسی بیماری، یا طول عمر) کی وجہ سے ترک کر دیا جاتا ہے۔ انکے حالات کا علم ہوتا ہے۔

۲۔ ناسخ و منسوخ احادیث معلوم ہوتی ہیں۔

۳۔ سند کے متصل یا منقطع ہونے کا علم ہوتا ہے نیز یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ کون لوگ ہیں جو بزرگوں پر جھوٹ باندھتے ہیں۔ امام ثوری فرماتے ہیں۔ کہ جب لوگوں نے راویوں پر جھوٹ بولنا شروع کیا تو ہم نے ان کے لئے تاریخ کو استعمال کیا۔

اس فن کی مشہور کتب یہ ہیں۔

۱۔الوفیات لابن ربیعہ الدمشقی (۳۷۳ھ)۔ ۲۔ درالسحابہ فی وفیات الصحابہ للصاغانی۔ ۳۔الاعلام لوفیات الاعلام للذھبی۔ ۴۔ تاریخ الوفات للمتاء خرین لابی سعد السمعانی۔ ۵۔ رجال صحیح البخاری للقا بازی۔ ۶۔ رجال صحیح البخاری للکر دی۔ ۷۔ رجال صحیح مسلم لابن منجویہ

۴۔ علم اسماء الرجال:

اس میں راویوں کے حالات سے بحث ہوتی ہے یہ رواۃ حدیث کی سوانح عمریاں یا تاریخ ہے۔

۵۔ علم تدوین الحدیث:

اس میں جمع حدیث پر بحث کی جاتی ہے۔

۶۔ علم الناسخ والمنسوخ:

اس میں یہ بحث ہوتی ہے کہ کون سی حدیث ناسخ ہے اور منسوخ ہے اور کیوں منسوخ ہے۔ اس کے لئے حدیث کے علل و اسباب مصلحت وقت اور شان نزول کا جاننا ضروری ہوتا ہے۔

۷۔ علم النظر فی الاسناد ۸۔ علم کیفیت الروایت ۹۔ علم الفاظ الحدیث (مصطلحات) ۱۰۔ علم الموتلف و المختلف ۱۱۔ علم طبقات الحدیث ۱۲۔ علم غریب الحدیث ۱۳۔ علم طرق الاحادیث ۱۴۔ علم الموضوعات ۱۵۔ علم علل حدیث ۱۶۔ علم تصحیف اسماء ۱۷۔ علم الوحدان ۱۸۔ علم روایتہ الاباء عن الاباء ۱۹۔ علم الموضح لاوھام الجمع و التفریق ۲۰۔ علم معرفتہ علوم حدیث ۲۱۔ علم الاسباب

یہ تمام علوم اصول حدیث کے تحت بیان کئے جاتے ہیں۔ اور یہی حدیث کا معیار ہے اور حفاظت حدیث کا سنہری اصول بھی یہی رہا ہے۔ ان اصول و فنون کی موجودگی میں کسی کے لئے ممکن نہیں ہے۔ کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی احادیث میں من مانی کرتا پھرے۔ افتراء بازی کرے یا وقتی مصالح کے تحت کوئی فائدہ لے سکے۔ لہٰذا انہی کاوشوں سے اللہ تعالیٰ نے حدیث رسول اللہ ﷺ کی حفاظت بھی فرمائی اور اسے جھوٹ سے بچایا۔

واقعہ کربلا اور اس کا پس منظر

مصنف: مولانا عتیق الرحمٰن سنبھلی۔ مقدمہ: مفکر اسلام حضرت مولانا محمد منظور نعمانی

- واقعہ کربلا سے متعلق افسانوی کہانیوں کی اصل حقیقت
- تاریخ میں دجل و تلبیس کے حیرت انگیز واقعات
- اصحابؓ بنوامیہ سے بغض و حسد کے اسباب۔
- تاریخ و سیرت سے دلچسپی رکھنے والے ہر باذوق قاری کے لئے انتہائی اہم کتاب

قیمت ۶۰ روپے

راوی پبلشرز، الفضل مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔

بخاری اکیڈمی دار بنی ہاشم، مہربان کالونی ملتان